بلیسڈ ٹیکسٹائلز لمیٹڈ

سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ بلیسڈ ٹیکسٹائلز لمیٹڈ کا اکتیسواں اجلاس عام جمعرات 25 اکتوبر 2018ء کو شام ساڑھے چار بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس عمر ہاؤس 23/1 سیکٹر 23 ایس ایم فاروق روڈ کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا۔

عمومی امور:

1. گزشتہ سالانہ اجلاس عام منعقدہ 27 اکتوبر 2017ء کی کارروائی کی توثیق۔
2. 30 جون 2018ء کو مکمل ہونے والے سال کے لیے کمپنی آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی غور وخوض اور منظوری۔
3. 30 جون 2018ء کو مکمل ہونے والے سال کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق 230.00 فیصد (یعنی 23 روپے فی حصص) کی شرح سے نقد منافع منقسمہ کی منظوری۔
4. مالی سال 19-2018 کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہیرہ کا تعین سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز رحمان سرفراز رحیم اقبال رفیق چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کے لیے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔
5. چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
غلام محی الدین
کمپنی سیکریٹری

کراچی 27 ستمبر 2018

نوٹ:

1. کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 17 اکتوبر 2018 تا 25 اکتوبر 2018ء (دونوں دن شامل) بند رہیں گی کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یعنی عمر ہاؤس 23/1 سیکٹر 23 ایس ایم فاروق روڈ، کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی میں 15 اکتوبر 2018ء کو اختتام کار تک موصول ہونے والے منتقلیاں، 30 جون 2018ء کو مکمل ہونے والے سال کے لیے منافع منقسمہ کی اہلیت کے ضمن میں بروقت سمجھی جائیں گی۔
2. ممبران سے درخواست ہے کہ بذات خود کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کے ہمراہ شرکت کریں یا کسی دیگر ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کردیں پروکسی کی تقرری کی دستاویز گواہی کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس گھنٹے قبل مل جانی چاہیے۔
3. کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 132 (2) کے تحت کمپنی اپنے ممبران کو سالانہ اجلاس عام میں کسی ایسے مقام سے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کرنے کی سہولت فراہم کرے گی جہاں مذکورہ سہولت دستیاب ہو اور دس فیصد یا زائد شیئر ہولڈرز قیام پزیر ہوں جبکہ سالانہ اجلاس عام ہذا میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی طلب اجلاس کے انعقاد کی تاریخ سے کم از کم سات روز قبل کمپنی کو موصول ہو جائے۔

اس ضمن میں درخواست کی جاتی ہے کہ مندرجہ ذیل صورت میں مطالبہ سالانہ اجلاس عام کے انعقاد سے کم از کم دس روز قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں مل جانا چاہیے۔

میں/ہم.....بحیثیت ممبر بلیسڈ ٹیکسٹائلز لمیٹڈ حامل.....عام حصص فولیو نمبر.....ویڈیو کانفرنس کی سہولت بمقام.....کا متمنی ہوں ممبر کے دستخط.....

4. سی ڈی سی کے انفرادی اور اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کے اہل شیئر ہولڈر کو اپنی شناخت کے لیے اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ اکاؤنٹس اور شریک کا آئی ڈی نمبر ہمراہ لانا ہوگا اور پروکسی کی صورت میں اپنے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنی ہوگی کارپوریٹ اسٹی کے نمائندوں کو اس مقصد کے لیے معمول کی دستاویزات پیش کرنی ہوں گی، سی ڈی سی کے اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید براں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر 1 مجریہ 2000 مورخہ 26 جنوری 2000 میں درج ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔
5. کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 242 میں کہا گیا ہے کہ کوئی بھی قابل ادائیگی نقد منافع منقسمہ صرف بذریعہ الیکٹرانک براہ راست اہل حصص یافتہ کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل کیا جائے گا، دفعہ 242 کی تعمیل میں ایس ای سی پی نے ایک سرکلری ایل ڈی/سی ڈی/پی آر 2017IL بنمبر 18/2017 مورخہ یکم اگست 2017ء لسٹڈ کمپنیوں کو جاری کیا ہے کہ وہ شیئر ہولڈرز سے الیکٹرانک ڈیویڈنڈ فارم حاصل کرلیں اور اس ضمن میں ایک نوٹس تمام حصص یافتگان کو جاری کیا گیا ہے۔
مزید براں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 242 کے تحت بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر ایس آر او 1145(1)2017 مورخہ 6 نومبر 2017ء کے ذریعہ منافع منقسمہ کی تقسیم کے لیے ریگولیشنز جاری کیا ہے جس کے تحت لسٹیڈ کمپنیوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اہل شیئر ہولڈرز سے متعلقہ بینک اکاؤنٹ بشمول بینک کا نام اکاؤنٹ کا نام بینک کا پتا اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹس نمبر حاصل کرلیں۔ اس سلسلے میں ہم تمام رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز سے درخواست کرتے ہیں کہ اعلان کردہ نقد منافع منقسمہ کی براہ راست اپنے اکاؤنٹ میں وصول کرنے کے لیے بینک کی تفصیلات فراہم کردیں اور اپنے متعلقہ سے بینک تفصیلات کی تصدیق بھی پیش کردیں اور سی ڈی ایس میں بینک انٹری کی صورت میں سی ڈی ایس شرکا اور فزیکل سکیورٹیز کی صورت میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو مطلع کریں۔
6. کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 244 اور ایس ای سی پی کے سرکلر نمبری ایل ڈی/سی سی ڈی/پی آر (II)2017ء کی تعمیل میں تاریخ اجرا سے تین سال کی مدت تک الادائی اور غیر ادا شدہ منافع منقسمہ شیئرز ہولڈرز مضاربہ سرٹیفکیٹ ہدایت نمبر 19 مجریہ 2017ء مورخہ 7 جولائی 2017ء کے مطابق کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی تعمیل کرتے ہوئے وفاقی حکومت کے حوالے کردیے جائیں گے۔
ایس آر او 3/0(1)2017ء مورخہ 6 ستمبر 2017ء کی تعمیل میں لاادائی شیئرز منافع منقسمہ یا مضاربہ سرٹیفکیٹس کی تفصیلات 30 جون 2018ء کو ہماری ویب سائٹ www.umergroup.com پر جاری کردی گئی ہیں۔
اس ضمن میں مذکورہ حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ کسی لاوارثی منافع منقسمہ شیئرز یا مضاربہ سرٹیفکیٹس کے سلسلے میں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا شیئر رجسٹرار کے دفتر سے رابطہ کریں۔
7. ممبران سے پتا یا بینک تفصیلات میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کرنے کی درخواست ہے۔
8. اعلامیہ ایس آر او 787(1)/ 2014 مورخہ 8 ستمبر 2014ء کی تعمیل میں ایس ای سی پی نے کمپنی کے ممبران کو بذریعہ الیکٹرانک میل سسٹم (ای میل) سالانہ مالی گوشواروں اور نوٹسز کی وصولی کی سہولت فراہم کرنے کی ہدایت جاری کی ہے ہم بخوشی آئندہ کمپنی نوٹس اور سالانہ مالی گوشواروں کی بذریعہ ای میل وصولی کے متمنی ممبران کو مذکورہ سہولت فراہم کرنے پیشکش کرتے ہیں اس سلسلہ میں ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.umergroup.com پر دستیاب اسٹینڈرڈ ریکوئسٹ فارم پر بذریعہ ای میل اپنی رائے سے نوازیں برائے مہربانی اس امر کی یقین دہانی رکھیں کہ آپ کے ای میل میں مذکورہ ای میل کی وصولی کے لیے کافی جگہ ہے اور یہ سائز میں 2 ایم بی سے زائد ہونی چاہیے مزید براں یہ ممبر کی ذمہ داری ہے کہ رجسٹرڈ ای میل ایڈریس میں کسی تبدیلی سے بروقت شیئر رجسٹرار کو باخبر رکھیں۔
9. یکم جولائی 2018ء سے نافذ العمل فنانس ایکٹ 2018ء کے تحت انکم ٹیکس آرڈیننس مجریہ 2001ء کی دفعہ 150 کے مطابق منافع منقسمہ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس کی شرح حسب ذیل ہوگی۔
   الف) انکم ٹیکس ریٹرنز کے فائلر کے لیے 15 فیصد۔
   ب) انکم ٹیکس ریٹرنز کے نان فائلرز کے لیے 20 فیصد۔

ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) میں درج شیئر ہولڈرز سے فائلرز ہونے کے باوجود 20 فیصد کی شرح سے ٹیکس منہا ہونے پر درست 15 فیصد کی شرح سے منہائی کے لیے ہدایت کی جاتی ہے کہ کتاب کی بندش کے پہلے سے قبل یقین دہانی کرلیں کہ ان کے نام اے ٹی ایل میں شامل ہیں ورنہ ٹیکس 20 فیصد کی شرح منہا کرلیا جائے گا۔
منافع منقسمہ کی آمدنی سے دو ہولڈنگ ٹیکس کا استثنیٰ صرف ٹیکس ایگزمشن سرٹیفکیٹ یا متعلقہ قانونی عدالت کے حکم امتناعی کی کاپی کتب کی بندش کے پہلے دن تک حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس جمع ہونے کی صورت میں دیا جائے گا۔
مزید براں فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) سے موصول شدہ وضاحت کے مطابق ٹیکس کا اطلاق پرنسپل شیئر ہولڈر کی جانب سے شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر کی فائلر/نان فائلر کی تفصیل فراہم کرنے پر شیئرز کے اعتبار سے علیحدہ علیحدہ ہوگا، جس کی تفصیل تحریری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار کو فراہم کرنا ہوگی (اگر پہلے فراہم کی گئی ہو تو)
23 اکتوبر 2018ء تک تفصیلی معلومات فراہم نہ ہونے کی صورت ہر حصص یافتہ کو مساوی شیئرز کا حامل سمجھا جائے گا اور اسی اعتبار سے ٹیکس منہا ہوگا۔
10. ای وٹنگ ممبران کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 143 145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز مجریہ 2018ء کی نافذ العمل کلاز کے تحت ایک انتخاب کے مطالبہ کا حق استعمال کرسکتے ہیں۔